سوال

عورت اگراپنے خاوند سے کہے میں تمہاری بیوی نہیں تواس کا حکم کیا ہوگا ؟

جواب

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورت کااپنے خاوند سے کہنا میں تمہاری بیوی نہیں اس سے کچھ بھی نہیں ہوگا کیونکہ بیوی اپنے خاوند کو طلاق دینے کا اختیار نہیں رکھتی، طلاق تو خاوند کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔

اوراگر خاوند نے اپنی بیوی کو کہا: تم میری بیوی نہیں تو یہ طلاق کے کنایہ والے الفاظ میں شامل ہوگا، جیسے کہ سوال نمبر (100997) کے جواب میں بیان ہوچکا ہے۔

بیوی کو چاہیے کہ وہ اس طرح کے الفاظ استعمال کرنے سے اجتناب کرے، کیونکہ ہوسکتا ہے خاوندان الفاظ سے غصہ میں آجائے اوروہ بھی اسے اسی جیسے الفاظ کہہ دے اور بیوی کے کلام کی تاکید کرتے ہوئے کہے: جی ہاں، تم میری بیوی نہیں ہو! یا اس طرح کے اورالفاظ کہہ دے۔

میاں بیوی کے جھگڑوں کو محبت و مودت کی فضا میں طرفین کے حقوق کا خیال کرتے ہوئے حل کرنا چاہیے۔

اللہ تعالی سب کوایسے عمل کرنے کی توفیق نصیب فرمائے جواللہ تعالی پسند فرماتا اورجن سے راضی ہوتا ہے۔

واللہ اعلم

اسلام سوال وجواب

115211